Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۴۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۰ ذی الحجہ ۱۳۳۵ھ مطابق ۸ اکتوبر سنہ ۱۹۱۷ء	جلد ۲۹

فہرست مضامین

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

اضافہ

[illegible]

میاں جان خاں محرر مال تحصیل بلاسپور کی تنخواہ میں ایک روپیہ ماہوار اضافہ یکم ستمبر سنہ حال سے کیا گیا۔ آئندہ بارہ روپیہ تنخواہ موصوف پائیگا۔

مستقلی

یکم اکتوبر سنہ ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ تحصیلدار صاحب ٹانڈہ سررشتہ دار صاحب مظفر نگر محمد خاں نائب اہلمد و عبدالحفیظ اہلمد مال علم مستقل کیا گیا۔ اشفاق الحق اہلمد بدستور ایک سال تک عوض خدمت مجید علی کارکن رہیگا۔

اور تنخواہ مقررہ ساٹھ روپیہ ماہوار پائیگا اور تین روپیہ ایکسال تک بعد بحالی کو بدستور ملتے رہینگے۔ بعد ایکسال محمد علی باقر اپنے کام پر حاضر ہوگا ورنہ اسکی بابت حکم مناسب دیا جاتے گا۔

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر واقع ۶ ستمبر ۱۹۱۶ء

نقول فیصلہ جات جو ہمراہ اپیل پیش ہوتی ہیں انکے ملاحظہ سے واضح ہوا کہ درخواست نقل سررشتہ میں پیش ہونیکے بعد ایک عرصہ تک انتظار آمد کاغذ پڑی رہتی ہیں۔ اور بعد ازاں تخمینہ مرتب ہوتا ہے۔ اور پھر ایک عرصہ تک اسٹامپ داخل نہیں ہوتا۔ اکثر دیکھا گیا ہے کہ ایک ایک ڈیڑھ ڈیڑھ ماہ میں نقل تیار ہو کر سائل کو دیجاتی ہے یہ طریقہ بہت نامناسب ہے اور اس سے اہل معاملہ کو بھی بوقت معاملہ تعویق میں ڈالنے کا احتمال ہے لہذا آئندہ کیلئے حسب ذیل احکام نافذ کیے جاتے ہیں۔ ان احکام کی تعمیل میں جس اہلکار کی غفلت یا سستی ثابت ہوگی اُس سے سخت تدارک کیا جائیگا۔

۱۔ جب کوئی درخواست نقل منصرم نقول کے روبرو پیش ہو عام اس سے کہ معمولی نقل کی درخواست ہو یا ضروری نقل کی لازم ہے کہ سررشتہ نقل سے درخواست مذکور عدالت یا سررشتہ متعلق کو طلبی کاغذ کیلئے اُسی روز بھیجدیجائے۔

(۲) جب درخواست مذکور طلبی کاغذ کیلئے سررشتہ نقل سے کسی عدالت یا سررشتہ میں پہنچے تو اہلکاران متعلق کو لازم ہے کہ فوراً اُسکی تعمیل کریں اور اگر درخواست معمولی نقل کیلئے ہو تو درخواست مذکور وصول ہونیسے زیادہ سے زیادہ دوسرے روز اور اگر درخواست ضروری نقل کیلئے ہو تو اُسی روز درخواست مذکور معہ کاغذ مطلوبہ سررشتہ نقل کو واپس کر دیں۔

(۳) جبکہ کاغذ مطلوبہ سررشتہ نقل میں آجاتے اور درخواست معمولی نقل کیلئے ہو تو تاریخ وصول کاغذ سے زیادہ سے زیادہ دوسرے روز اور اگر درخواست ضروری نقل کیلئے ہو تو اُسی روز تخمینہ اسٹامپ تیار کر لیا جائے اور سائل کو تیاری تخمینہ کی بطریقہ ذیل اطلاع دیجائے۔

(الف) اگر بعد تیاری تخمینہ سائل حاضر ہو تو اُسکو اطلاع دیدیجائے اور اُسی درخواست نقل پر اُسکو تحریری ہدایت کردیجائے کہ چار روز کے اندر اسٹامپ داخل کرے اور اُس ہدایت کی اطلاع یابی بعد تاریخ سائل سے لکھوا کر دستخط لے لیے جائیں۔

(ب) اگر بعد تیاری تخمینہ سائل حاضر نہ ہو تو دروازہ سررشتہ نقل یا مفصلات میں دروازہ عدالت پر ایک نوٹس میعادی ایک ہفتہ بغرض اطلاع حسب نمونہ منسلکہ نمبر (۱) آویزاں کر دیا جائے اور انقضائے میعاد مذکور تاریخ اطلاع سمجھا جائیگا۔

(۴) اگر میعاد مقررہ مندرجہ دفعہ ۳ منقضی ہو جائے اور اسٹامپ داخل نہ کیا جائے تو پھر اسٹامپ مطلوبہ نہیں لیا جائیگا اور منصرم نقل کو اسکی رپورٹ درخواست مذکور پر تحریر کرکے حسب ضابطہ ڈسٹرکٹ جج کے اجلاس میں پیش کرنا چاہیئے صاحب ڈسٹرکٹ جج اس رپورٹ کی بابت جانچ کرینگے بعدہ درخواست مذکور کے خارج ہونے کا حکم صادر کرینگے۔

(۵) اگر میعاد مقررہ مذکور کے اندر اسٹامپ داخل کر دیا جائے اور درخواست معمولی نقل کیلئے ہو تو تاریخ وصول اسٹامپ سے سات روز کے اندر اور اگر درخواست ضروری نقل کیلئے ہو تو تاریخ وصول اسٹامپ سے زیادہ سے زیادہ دوسرے روز نقل تیار کیجائیگی اور اگر سائل بوقت تیاری نقل حاضر ہو تو اُسیوقت اُسکو نقل حوالے کر دیجائیگی ورنہ ایک نوٹس میعادی پندرہ یوم بنام سائل حسب نمونہ منسلکہ نمبر ۲ حسب مذکورہ بالا آویزاں کر دیا جائیگا اگر میعاد مذکور کے اندر سائل نقل حاصل کریگا تو نقل خارج کیجائیگی اور منصرم نقل اسکی رپورٹ معہ نقل کے حسب ضابطہ ڈسٹرکٹ جج کے اجلاس میں پیش کرینگے اور صاحب ڈسٹرکٹ جج بعد جانچ صحت رپورٹ نقل مذکور کے خارج ہونیکا حکم صادر کرینگے۔

(۶) ہر نقل کی پشت پر حسب ذیل باتیں لکھی جائینگی اور بعد جانچنے کے اُسپر منصرم نقول کے دستخط ثبت ہونگے۔
تاریخ درخواست۔ تاریخ آمد کاغذ۔ تاریخ تیاری تخمینہ۔ تاریخ اطلاع تخمینہ۔ تاریخ وصول اسٹامپ۔ تاریخ تیاری نقل۔
تاریخ حوالگی نقل یا آویزانی نوٹس۔

(۷) یہی قواعد عدالتہائے پرگنہ جات میں سررشتہ نقل سے متعلق ہونگے اور پرگنہ جات کی عدالتوں میں بجائے مندرجہ دفعہ ۴ و ۵ اُس عدالت کے حاکم کے روبرو پیش کیجائیگی اور وہی اُسپر حکم صادر کرینگے۔

(۸) قواعد ہذا کا نفاذ یکم نومبر ۱۹۱۶ء سے ہوگا۔

لہذا حکم ہوا کہ

روبکار ہذا کی ایک ایک نقل جملہ عدالتہائے شہر و پرگنہ جات کو مرسل ہو اور ہدایت کیجائے کہ بغرض اطلاع عام روبروئے عدالتہا و سررشتہ نقل یہ روبکار ہذا کی نقل چسپاں کر دیجائے۔ جملہ وکلا اور اہلکاران عدالت کی اطلاع یابی کیلئے اور ایک نقل درج گزٹ ہو اور وکلا کو ہدایت کیجائے کہ اپنے مؤکلین کو بھی سمجھا دیا کریں۔

نمونہ نوٹس ۱

بنام

جو کہ تمنے بمقدمہ نمبری مدعی بنام مدعا علیہ دعوے منفصلہ عدالت تاریخ سنہ ۱۹۱ء واسطے نقل کے درخواست پیش کی ہے۔ لہذا اطلاع دیجاتی ہے کہ نقول مذکور کو بابت تخمینہ اشٹامپ تیاری۔ قطعہ اسٹامپ قیمتی۔ اور قطعہ اسٹامپ قیمتی تاریخ امروزہ سے ایک ہفتہ کے اندر داخل کردو ورنہ تمہاری درخواست تاریخ مذکورہ منقضی ہوجانیکے بعد خارج ہوجائیگی۔

نمونہ نوٹس ۲

بذریعہ اس تحریر کے اطلاع دیجاتی ہے کہ نقول واسطے حوالگی کے تیار ہیں اگر دو ہفتہ میں حاصل نکر لیے گئے۔ تو خارج کر دیے جائینگے۔

تاریخ اطلاع	نام سائل	تشریح اُس نقل کی جو تیار ہے	دستخط منصرم

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
واقع ۲۸ اکتوبر ۱۹۱۶ء

کہا جاتا ہے کہ عدالت ہائے ماتحت میں بروز پیشی مقدمہ وکلا، فریقین کو آواز دلایا جاتا ہے اصل فریق مقدمہ کو آواز نہیں دلایا جاتا مثل میں اسکی صراحت ہوتی ہے کہ اصل فریق مقدمہ کو آواز دلایا گیا تھا۔ نیز یہ کہ فریقین مقدمہ کے کئی وکلا کو جس میں کہ چند وکلا ہوتے ہیں آواز دلایا گیا تھا جس سے فریقین مقدمہ کو عذر کرنے کا موقع ہوتا ہے کہ ہمارے چند وکیل تھے ان میں سے بعض کو آواز دلایا گیا اور بعض کو آواز نہیں دلایا تھا یہ طریقہ ٹھیک نہیں ہے عدالت ہائے سے ہمیشہ فریق مقدمہ کو آواز دلایا جائے نہ کہ وکلا کو یہ فریقین مقدمہ کا کام ہے کہ وہ حاضری اپنے وکیل کی اگر وہ چاہتا ہے تو بند و بست پیشی مقدمہ کے لیے کرے عدالت سے آواز فریقین مقدمہ کو دلایا جانا چاہیے۔ اور حکم میں اسکی صراحت ہونا چاہیے لہذا

حکم ہوا کہ

ایک ایک نقل روبکار ہذا کی عدالت ہائے ماتحت میں ہدایتاً بھیجی جائے اور ایک نقل اسکی درج گزٹ کیجائے۔ فقط

دستخط
صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۲۶ ستمبر ۱۹۱۷ء لغایتہ ۲ اکتوبر ۱۹۱۷ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد	افزون	تعداد	افزون	تعداد	افزون	تعداد	افزون	تعداد	افزون	تعداد	افزون
۲۶ ستمبر ۱۹۱۷ء یوم چہار شنبہ	۱	۳۱۷	۰	۳۵۸	۱	۵۰۲	۰	۳۷۳	۷	۳۳۹	۳	۳۰۲
۲۷ " " " پنجشنبہ	۱۰	۳۲۷	۱۲	۳۷۰	۱	۵۰۳	۰	۳۷۳	۲	۳۳۳	۰	۳۰۲
۲۸ " " " جمعہ	۹	۳۳۵	۵	۳۷۵	۳	۵۰۷	۲۱	۳۹۴	۰	۳۳۲	۰	۳۰۲
۲۹ " " " شنبہ	۰	۳۳۵	۰	۳۷۵	۰	۵۰۷	۰۰	۳۹۴	۲	۳۳۴	۰	۳۰۲
۳۰ " " " یکشنبہ	۱٫۵	۳۳۶٫۵	۷	۳۸۲	۸	۵۱۵	۶	۴۰۰	۰	۳۳۵	۰	۳۰۲
یکم اکتوبر ۱۹۱۷ء یوم دوشنبہ	۰	۳۳۶٫۵	۰	نقشہ نہیں آیا	۳	۵۱۸	۵	۴۰۵	۰	نقشہ نہیں آیا	۳	۳۰۵
دو اکتوبر " سہ شنبہ	۱٫۵	۳۳۸	۰	"	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	"	۰	نقشہ نہیں آیا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدا ۳۰ ستمبر لغایتہ ۶ اکتوبر ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸ ار	۹ ار	۹ ار	۱۰ ار	۹ ار	۶ ار	
نخود خالص	۱۱ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	۱۳ ار	۱۴ ار	۱۳ ار	
نخود کرایز	۱۲ ار	۱۴ ار	۱۵ ار	۱۵ ار	۱۶ ار	۱۵ ار	
کسیہ	۱۲ ار		۱۵ ار	۱۴ ار	۱۶ ار	۱۶ ار	
ماش	۸ ار	۸ ار	۸ ار	۰	۸ ار	۸ ار	
مونگ	۹ ار	۷ ار	۸ ار	۰	۸ ار	۸ ار	
مکا	۱۵ ار	۰	۱۶ ار	۱۷ ار	۱۸ ار	۱۲ ار	
جئی	۱۲ ار	۰	۱۵ ار	۰	۲۰ ار	۱۵ ار	
گوجئی	۰	۰	۱۳ ار	۰	۱۲ ار	۱۳ ار	
عدس	۹ ار	۷ ار	۱۰ ار	۰	۱۰ ار	۹ ار	
ارہر	۱۳ ار	۹ ار	۱۵ ار	۰	۱۲ ار	۱۳ ار	
برنج	۶ ار	۷ و ۸ ار	۶ ار	۷ ار	۶ ار	۷ ار	
روغن زرد	۴۰ ار	۰ ۱۱ ار	۰ ۱۱ ار	۰ ۱۱ ار	۰ ۱۰ ار	۰ ۱۰ ار	
روغن سیاہ	۲ ار	۳ ار	۲ ار	۱ ار	۲ ار	۲ ار	
روغن کنجد	۱۰۱ ار	۱۰۱ ار	۱ ار		۱۰۱ ار	۱۱ ار	
نمک سانبھر	۸ ار	۹ ار	۱۰ ار	۸ ار	۸ ار	۱۰ ار	
نمک لاہوری	۶ ار	۰	۱۰ ار	۵ ار	۷ ار	۱۰ ار	
قند سیاہ	۳ ار	۳ و ۴ ار	۳ ار	۲ ار	۳ ار	۲ ار	
باجرہ	۸ ار	۰	۰	۰	۱۲ ار	۰	